4617CH07

ذرّوں کو بھی اِنسان بنا دو

اے اہلِ وطن! جانِ وطن بن کے دکھا دو
تم خاک کے ذرّوں کو بھی انسان بنا دو

انسان وہ ہے علم کی جس میں ہو تجّلی
حیواں کو کبھی علم مِلا ہو تو بتا دو

خود بھی پڑھو بننے کے لیے عالم و کامل
اَن پڑھ کوئی مل جائے تو اس کو بھی پڑھا دو

ہو علم تو پھر کیا نہیں امکاں میں تمھارے
تم چاہو تو جنگل کو بھی گلزار بنا دو

کانٹوں کو جہالت کے الگ کاٹ کے پھینکو
تم علم کے پھولوں سے نیا باغ کِھلا دو

ہے ملک میں تفریق جہالت کے سبب سے
تم علم کی قوّت سے یہ جھگڑا ہی مٹا دو

بے علم کا جینا بھی ہے اک قِسم کا مرنا
جیسے تنِ بے روح، جلا دو کہ دبا دو

سیمابؔ اکبرآبادی

© NCERT not to be republished

معنی یاد کیجیے

اہلِ وطن	:	وطن کے لوگ
تجلّی	:	روشنی
کامل	:	ایسا شخص جو کسی علم یا ہنر کو پوری طرح جانتا ہو، کسی فن میں کمال رکھتا ہو
امکان میں ہونا	:	بس میں ہونا، قابو میں ہونا
گلزار	:	باغ
تفریق	:	فرق کرنا، پھوٹ ڈالنا
قوّت	:	طاقت
تَن	:	جسم
باوقار	:	عزت والا

© NCERT not to be republished

سوچیے اور بتائیے

1. وطن کے لوگ جانِ وطن کیسے بن سکتے ہیں؟
2. شاعر کے نزدیک انسان اور حیوان میں کیا فرق ہے؟
3. علم حاصل کر کے کیا کیا کام کیے جا سکتے ہیں؟
4. ’’کانٹوں‘‘ اور ’’پھولوں‘‘ سے شاعر کا کیا مطلب ہے؟
5. جہالت کی وجہ سے ملک کو کیا نقصان ہوتا ہے؟
6. علم کی قوت ملک کی تعمیر و ترقی میں کیسے مددگار ثابت ہو سکتی ہے؟
7. آخری شعر میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

مصرع مکمل کیجیے

انساں وہ ہے علم کی جس میں ہو ———

ہو علم تو پھر کیا نہیں ——— میں تمھارے

ہے ملک میں ——— جہالت کے سبب سے

تم علم کی ——— سے یہ جھگڑا ہی مٹا دو

——— کا جینا بھی ہے اک قسم کا مرنا

دیے ہوئے مصرعوں کو ترتیب سے لکھیے

حیواں کو کبھی علم ملا ہو تو بتا دو

اَن پڑھ کوئی مل جائے تو اس کو بھی پڑھا دو

انساں وہ ہے علم کی جس میں ہو تجلی

خود بھی پڑھو بننے کے لیے عالم و کامل

تم علم کی قوت سے یہ جھگڑا ہی مٹا دو

جیسے تنِ بے روح، جلا دو کہ دبا دو

ہے ملک میں تفریق جہالت کے سبب سے

بے علم کا جینا بھی ہے اک قسم کا مرنا

ان لفظوں کے متضاد لکھیے

انسان عالم پھول جینا اَن پڑھ

© NCERT not to be republished

نیچے دیے ہوئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے

علم　　تجلّی　　گلزار　　تفریق　　قوّت

پڑھیے

اس نظم کو بلند آواز سے پڑھیے

یاد کیجیے

اس نظم کو زبانی یاد کیجیے

غور کرنے کی بات

- پڑھنے لکھنے اور علم حاصل کرنے سے انسان کو عزّت ملتی ہے۔
- ملک میں پھیلی ہوئی برائیوں کی جڑ جہالت ہے۔
- جہالت کو دور کرنا اور اَن پڑھ لوگوں کو پڑھانا ہمارا فرض ہے۔

© NCERT not to be republished